9300 ـ ٹائی پہننے کا حکم

سوال

عورتوں کے لیے ٹائی لگانے کا حکم کیا ہے، یہ علم میں رہے کہ ٹائی عورتوں کے لباس سے بنی ہوئی ہو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میں عورتوں کے لیے ٹائی پہننا جائز نہیں سمجھتا، کیونکہ ہمیں تو مردوں کے لیے ٹائی لگانے کے جواز میں شك ہے تو پھر یہ چیز عورتوں کے لیے جائز کیسے ہو سکتی ہے ؟

لیکن مردوں کے لیے ٹائی لگانے کے جواز میں کچھ شك سا ہے، لیکن میں نے اکثر لوگوں کو پہنے ہوئے دیکھا ہے، اور خاص کر کئی ایك محکموں کے ملازمین، اس لیے مجھے امید ہے کہ مردوں کے اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن عورتوں کے لیے جائز نہیں.